سبق - 16

نئی کہانی

ہم نہ سُنیں گے اب یہ کہانی
ایک تھا راجا، ایک تھی رانی
نئی کہانی ہمیں سُناؤ
امّی! ہمارا جی بہلاؤ
ہم نہ سُنیں گے شیر کا قِصّہ
آجاتا ہے ہم کو غُصّہ
ہم تو سُنیں گے قِصّہ ایسا
ایک ہو بچّہ اپنے جیسا

© NCERT not to be republished

پار کرے وہ سات سمندر　　　سَیر کرے آکاش پہ جاکر
بادل میں وہ جھوُلا جھوُلے　　　چاند ستاروں کو بھی چھوُلے
امّی! میری اچھّی امّی
کہہ دو آج کہانی ایسی

(سیّدہ فرحتؔ)

© NCERT not to be republished

مشق

پڑھیے اور سمجھیے۔

قصّہ : کہانی

آکاش : آسمان

ان سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. بچّہ کیسی کہانی سننا چاہتا ہے؟
2. بچّہ نئی کہانی کس سے سننا چاہتا ہے؟

3. بچّے کو غصّہ کس بات پر آتا ہے؟

4. بچّہ کہاں کی سیر کرنا چاہتا ہے؟

5. بچّہ کن چیزوں کو چھوُنا چاہتا ہے؟

خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے۔

قصّہ   کہانی   اچھّی   بچّہ   جھوُلا

1. نئی ______ ہمیں سناؤ
2. ہم نہ سنیں گے شیر کا ______
3. ایک ہو ______ اپنے جیسا
4. بادل میں وہ ______ جھوُلے
5. امّی! میری ______ امّی

نیچے دیے ہوئے لفظوں کے صحیح حرف پر تشدید لگا کر لکھیے۔

امی = ______

قصہ = ______

© NCERT not to be republished

غصہ = ______

بچہ = ______

اچھی = ______

نظم کی مدد سے حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملایئے۔

الف	ب
ہم نہ سُنیں گے اب یہ کہانی	سیر کرے آکاش پہ جا کر
ہم نہ سُنیں گے شیر کا قصّہ	چاند ستاروں کو بھی چھوٗ لے
پار کرے وہ سات سمندر	کہہ دو آج کہانی ایسی
بادل میں وہ جھوٗلا جھوٗلے	ایک تھا راجا ایک تھی رانی
امّی! میری اچھّی امّی	آجاتا ہے ہم کو غُصّہ

مثال دیکھ کر نیچے دیے ہوئے لفظوں کو بدل کر لکھیے۔

مثال : بچّہ = بچّوں

قصّہ = ______

پرندہ = ______

© NCERT not to be republished

ستارہ = ______

ہفتہ = ______

حصّہ = ______

نظم دیکھ کر دوسری لائن لکھیے۔

1. ہم نہ سُنیں گے اب یہ کہانی ______
2. ______ آجاتا ہے ہم کو غُصّہ
3. پار کرے وہ سات سمندر ______
4. ______ چاند ستاروں کو بھی چھوُ لے
5. امّی! میری اچھّی امّی ______

نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھیے۔

______

______

______

© NCERT not to be republished

خوش خط لکھیے۔

- کہانی
- بہلانا
- آکاش
- سمندر
- جھولا

اس نظم کو یاد کیجیے۔

© NCERT not to be republished